دعائے روز بِسْمِ اللهِ الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ سہ شنبہ (منگل)

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ حَقُّهُ كَمَا يَسْتَحِقُّهُ حَمْداً كَثِيراً، وَأَعُوذُ بِهِ مِنْ شَرِّ نَفْسِي إِنَّ النَّفْسَ

حمد خدا کے لیے ہے اور حمد اسی کا حق ہے جیسا کہ حمد کثیر اسی کے شایاں شان ہے اور میں اپنے نفس کے شر سے اس کی پناہ چاہتا ہوں

لَأَمَّارَةٌ بِالسُّوءِ إِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّي، وَأَعُوذُ بِهِ مِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ الَّذِي يَزِيدُنِي ذَنْباً إِلَى ذَنْبِي،

بے شک نفس برائی پر اکسانے والا ہے مگر یہ کہ میرا رب رحم کردے اور اسی کی پناہ لیتا ہوں شیطان کے شر سے

وَأَحْتَرِزُ بِهِ مِنْ كُلِّ جَبَّارٍ فَاجِرٍ، وَسُلْطَانٍ جَائِرٍ، وَعَدُوٍّ قَاهِرٍ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِنْ جُنْدِكَ فَإِنَّ

جو میرے لیے ایک گناہ پر دوسرے کا اضافہ کرتا رہتا ہے میں ہر جابر بدکار اور ظالم حکمران اور قوی دشمن کے مقابل خدا سے

جُنْدَكَ هُمُ الْغَالِبُونَ وَاجْعَلْنِي مِنْ حِزْبِكَ فَإِنَّ حِزْبَكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ، وَاجْعَلْنِي مِنْ

تحفظ چاہتا ہوں۔اے معبود مجھے اپنے لشکر میں قرار دے کیونکہ تیرا لشکر ہی غالب رہنے والا ہے اور مجھے اپنے گروہ میں قرار دے

أَوْلِيَائِكَ فَإِنَّ أَوْلِيَائَكَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ، اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِي دِينِي فَإِنَّهُ عِصْمَةُ

کیونکہ تیرا ہی گروہ کامیاب ہونے والا ہے اور مجھے اپنے دوستوں میں شامل فرما کہ تیرے دوستوں کو کچھ بھی خوف اور حزن ورنج نہ ہوگا۔اے معبود میرے

أَمْرِي، وَأَصْلِحْ لِي آخِرَتِي فَإِنَّهَا دَارُ مَقَرِّي، وَ إِلَيْهَا مِنْ مُجَاوَرَةِ اللِّئَامِ مَفَرِّي، وَاجْعَلِ

دین میں بہتری فرمادے کیونکہ یہ میری ذات کا نگہبان ہے اور میری آخرت کو سنوار دے کہ وہ میرا اپنا ٹھکانہ ہے اور وہ پست لوگوں سے فرار کر جانے کی

الْحَيَاةَ زِيَادَةً لِي فِي كُلِّ خَيْرٍ، وَالْوَفَاةَ رَاحَةً لِي مِنْ كُلِّ شَرٍّ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ

جگہ ہے اور میری زندگی میں ہر خیر ونیکی کو بڑھادے اور میری موت کو ہر برائی سے بچ جانے کا ذریعہ بنا۔اے معبود محمدؐ پر رحمت فرما جو نبیوں کے خاتم ہیں

النَّبِيِّينَ، وَتَمَامِ عِدَّةِ الْمُرْسَلِينَ، وَعَلَى آلِهِ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ، وَأَصْحَابِهِ الْمُنْتَجَبِينَ، وَهَبْ

اور جن پر آکر رسولوں کی تعداد پوری ہوئی اور ان کی پاک و پاکیزہ آل پر اور ان کے صاحب عزت اصحاب پر رحمت فرما اور منگل کے دن

لِي فِي الثُّلَاثَاءِ ثَلَاثاً لَا تَدَعْ لِي ذَنْباً إِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا غَمّاً إِلَّا أَذْهَبْتَهُ، وَلَا عَدُوّاً إِلَّا دَفَعْتَهُ، بِبِسْمِ

مجھے تین چیزیں عطا فرما میرا ہر گناہ بخش دے اور میرا ہر رنج دور کر دے اور میرے ہر دشمن کو مجھ سے دور ہٹادے خدا کے نام کے واسطے سے کہ جو

اللهِ خَيْرِ الْأَسْمَاءِ، بِسْمِ اللهِ رَبِّ الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ، أَسْتَدْفِعُ كُلَّ مَكْرُوهٍ أَوَّلُهُ سَخَطُهُ،

بہترین نام ہے اسکے نام سے جو زمین وآسمان کو زندہ رکھنے والا ہے میں اپنے آپ سے ہر مکروہ کا خاتمہ چاہتا ہوں جسکا آغاز خدا کا غضب ہے اور ہر محبوب

وَأَسْتَجْلِبُ كُلَّ مَحْبُوبٍ أَوَّلُهُ رِضَاهُ، فَاخْتِمْ لِي مِنْكَ بِالْغُفْرَانِ يَا وَلِيَّ الْإِحْسَانِ .

چیز کو چاہتا ہوں کہ جسکا آغاز رضائے الٰہی ہے۔پس اے احسان کے مالک میرا خاتمہ اپنی طرف سے بخشش کے ساتھ فرما۔